**(269) COERCION**

(جبر۔زبردستی۔دباؤ) زبردست دباؤ، جبر یا دھمکی کے ذریعے مجبور کرنا۔

**(270) CO HABITANT**

(ہم بستر۔ہم صحبت) جو ایک دوسرے کے ساتھ شوہر و بیوی کی طرح رہتے ہوں، لیکن میاں بیوی نہ ہوں۔

**(271) COLLATERAL**

(الحاق۔ہم جدی۔ملحقہ) (۱) وہ جائیداد جو کسی قرضے کی ضمانت کے طور مختص کر دی گئی ہو۔(۲) ایک ہی جد اور نسل سے تعلق رکھنے والا شخص (رشتہ دار)، لیکن خون و وراثت میں نہ ہو۔

**(272) COLLATERL ATTACK**

ہائی کورٹ میں اپیل کے علاوہ عدالتی فیصلے کے خلاف اعتراض و شکایت۔

**(273) COMBUSTIBLE MATERIAL OR DEVICE**

آتش گیر اور دھماکہ خیز مواد۔

**(274) COMMISSIONER**

(کمشنر) عدالت کی طرف سے منتخب اور مقرر کردہ شخص جس کے پاس چند اور خاص مقدمات کی سماعت کا اختیار ہو۔

**(275) COMMIT**

(مرتکب ہونا۔سپرد کرنا۔سونپنا۔ذمہ داری لینا) کسی فعل یا جرم کا ارتکاب۔سختی سے پابند ہونا۔

**(276) COMMITMENT**

(سپردگی حوالات) کسی شخص کو حوالات یا دماغی عارضے کے ادارے میں بھیجنے کا حکم یا عمل۔

**(277) COMMITMENT ORDER**

(حکم نامہ سپردگی) عدالتی حکم نامہ جس کی رُو سے کسی شخص کو حوالات، تحویلِ پولیس یا دماغی عارضے کے ادارے میں بھیجا جائے۔

**(278) COMMON BARRATRY(also called BARRETRY)**

جھگڑالوپن۔فسادی عادت) جھگڑا فساد کرنا اور فضول و بے معنی مقدمے دائر کرنے کی عادت۔

**(279) COMMON CARRIER**

(عام برندہ مال) وہ جہاز جو ادائیگی کرایہ کے بعد لوگوں اور سامان کو لے جانے سے انکار نہ کرے۔اس کے مقابلے میں پرائیویٹ اور زیرِ معاہدہ جہاز اس شرط کے پابند نہیں۔

**(280) COMMON LAW**

(قانونِ عامہ) وہ قانون جو عدالتی فیصلوں کی رُو سے ہو، نہ کہ ضوابطِ آئین کی وجہ سے۔

**(281) COMMUNITY OBLIGATIONS**

قابلِ نفاذ فرائض۔جماعت کی طرف سے عائد کردہ ذمہ داری۔

**(282) COMMUNITY PROPERTY**

(مشترکہ اِملاک) ہر قسم کی جائیدادِ منقولہ یا غیر منقولہ جو میاں بیوی نے دورانِ شادی حاصل کی ہو۔اس میں تمام تر وہ قرضہ جو میاں بیوی پر مشترکہ طور پر واجب الادا ہو۔اس میں ہر قسم کا قرضہ شامل ہے جو دورانِ شادی فریقین پر عائد ہوتا ہے۔مثلاً قسطوں پر فرنیچر خریدا ہے، اس کی بقیہ رقم کی ادائیگی کی ذمہ داری دونوں پر آتی ہے۔اس میں وہ تمام رقوم، جیسے اسٹاک، بانڈز اور

پینشن شامل ہیں، جو کسی بھی فریق نے دورانِ شادی اپنی کمائی یا محنت سے حاصل کی ہو۔

**(283) COMMUNITY SERVICE**

کمیونٹی کی خدمات کے وہ کام جو سزا کے طور پر یا بدلے میں سرانجام دیئے جائیں۔

**(284) COMMUTATION**

(تخفیفِ سزا) سزا میں تخفیف، جیسے پھانسی کی سزا کو عمر قید میں تبدیل کرنا۔

**(285) COMPARATIVE FAULT**

(تقابلی قصور) قصور و گناہ کا وہ حصہ جو فریق پر عائد کیا جائے۔

**(286) COMPARATIVE NEGLIGENCE**

(تقابلی غفلت) ایک قانونی اصول و پیمانہ جس کے ذریعے فریقینِ مقدمہ کی غفلت کی شرح پرکھی جائے، مثلاً کس کا کتنا قصور ہے اور کس کی کتنی ذمہ داری ہے۔

**(287) COMPENSATORY DAMAGES**

(تلافیٔ نقصان) وہ رقم جس کی ادائیگی اس شخص پر واجب ہو جو کسی کو نقصان پہنچائے یا کسی کا نقصان کرنے کی وجہ بنا ہو۔(دیکھئے DAMAGES)

**(288) COMPETENCE ORDER**

(حکم نامہِ اہلیت) عدالتِ عالیہ کی جانب سے جاری کردہ حکم نامہ جس میں مدعاعلیہ کی دماغی صلاحیتوں کو تسلی بخش قرار دیا گیا ہو اور جس کی بنا پر فوجداری مقدمے کی پیروی کی جاسکتی ہو۔

**(289) COMPETENCY**

(اہلیت۔استعداد۔صلاحیت) کسی شخص کی وہ اہلیت جس کی وجہ سے اپنے دفاع اور دیگر عناصرِ مقدمہ کے سلسلے میں بات چیت کرسکتا ہو۔

**(290) COMPLAINANT**

(مستغیث) وہ فریق جو عدالت میں دوسرے فریق کے خلاف مقدمے کا آغاز کرے۔دیوانی مقدمات میں مستغیث، مدعاعلیہ اور فوجداری مقدمات میں حکومت ہوتی ہے۔

**(291) COMPLAINT**

(استغاثہ۔نالش) وہ قانونی دستاویز جس کی رُو سے دیوانی یا فوجداری مقدمے کا آغاز ہوتا ہے۔اس میں مدعی، فریق مخالف، یعنی مدعاعلیہ پر شکایات تحریر کرکے انصاف طلبی کی درخواست کرتا ہے۔اس دستاویز کو ''ابتدائی رُوداد'' یا پٹیشن بھی کہتے ہیں۔

**(292) COMPLY**

(تعمیل کرنا) حکمِ عدالت کی تعمیل کرنا۔عہد کے مطابق عمل کرنا۔

**(293) COMPOSITE DRAWING**

ملزم کی وہ تصویر یا اسکیچ جو زبانی بیان کردہ حلیہ کو سن کر پولیس ڈپارٹمنٹ کے پیشہ ورانہ فنکار بناتے ہیں۔یہ حلیہ ملزم، گواہ یا شاہد عینی کا بیان کردہ ہوسکتا ہے۔

**(294) CONCEALMENT**

(اخفا۔پوشیدگی) کسی امر، واقعہ یا شہادت کا چھپانا جو کہ غیر قانونی ہو۔

**(295) CONCILIATION**

(مصالحت۔صلح واتفاق) فریقین کا کسی تیسری پارٹی کو بیچ میں ڈال کر اپنے اختلافات، جھگڑے اور نزعی حالت کو بہتر بنانا، جس کی وجہ سے

باہمی بات چیت وروابط کا دروازہ کھلے اور جھگڑے کے خاطر خواہ فیصلے کا امکان بہتر ہو جائے۔

**(296) CONCURRENT JURISDICTION**

(ہم درجہ عدالت کا اختیارِ سماعت) ایک ہی علاقہ، جس میں دو عدالتوں کو سماعتِ مقدمات کا مساویانہ اِختیار ہو۔

**(297) CONCURRENT PLANNING**

متوسلی نوعیت کے مقدمات میں ان قانونی تقاضات کو کہتے ہیں جن کی وجہ سے دوبارہ رشتہ جوڑنے کو ایک متبادل حل بنایا جائے، جیسے متبنی بنانا، ولایت وتحویل۔

**(298) CONCURRENT SENTENCES**

وہ سزائیں جو بیک وقت شروع ہوں۔ جب ملزم کو مختلف جرائم کے ارتکاب میں الگ الگ سزائیں دی جائیں تو عدالت ان کی ایک ساتھ تعمیل کا حکم دیتی ہے، جیسے ۱۰ سال اور ۵ سال کی سزائیں ۱۰ سال میں بھگتنی پڑیں گی۔

**(299) CONCURRING CAUSES**

دو عناصر کا مل کر نقصان پہنچانا یا ضرب لگانا، جو صرف ایک عنصر کی وجہ سے ممکن نہ ہو۔

**(300) CONDEMNATION**

وہ قانونی کارروائی جس کے تحت حکومت پرائیویٹ زمین کو پبلک استعمال کیلئے معقول ومناسب معاوضہ دے کر حاصل کرے۔

**(301) CONDITION**

(شرط۔ کیفیت۔ حالت) وہ عوامل جو کرنے یا نہ کرنے سے چھٹکارہ اور رہائی دلائیں۔

**(302) CONDITIONAL RELEASE**

(مشروط رہائی) قید کی تحویل سے مشروط آزادی، جس میں مدعا علیہ کے اٹھنے بیٹھنے پر پابندیاں ہوتی ہیں اور جن کی عدم موجودگی میں رہائی منسوخ ہو سکتی ہے۔

**(303) CONDUCT ENHANCEMENTS**

ایک قسم کی اضافی سزا، جس میں جرم کی نوعیت زیادہ سنگین ہو جائے۔ (جیسے تعزیرات میں سیکشن ۱۲۲۲ کی اسلحہ برداری)

**(304) CONFESSION**

(اعتراف۔ اقبال۔ اقبالِ جرم) کسی شخص کا تحریری یا تقریری اقبالِ جرم۔ (دیکھئے **ADMMISSION**)

**(305) CONFFESSION OF JUDGMENT**

قرض دار کا تحریری بیان کی شکل میں وہ عمل جس کی رُو سے قرض خواہ قانونی چارہ جوئی کئے بغیر عدالتی فیصلے پر درآمد ہو سکتا ہے۔

**(306) CONFIDENTIAL**

(خفیہ۔ بہ صیغۂ راز) وہ فائل یا ریکارڈ جسے پبلک کی رسائی سے دور رکھا جائے۔

**(307) CONFIDENTIAL RECORD**

خفیہ دستاویزات کا ذخیرہ اور ریکارڈ۔

**(308) CONFIDENTIALITY**

خفیہ اور راز میں رکھے جانے کا عمل جو عوام کی رسائی سے باہر ہو۔

**(309) CONFISCATE**

(مال بحق سرکار۔ ضبط کرنا) پبلک پراپرٹی کی ضبطی اور سرکاری تحویل میں لینے کا عمل۔

**(310) CONFLICT OF INTEREST**

(تصادمِ مفاد) بیک وقت دو مفادات جو متصادم ہوں۔ جیسے ایک وکیل کا دونوں فریقین کی نمائندگی کرنا، جو ٹھیک نہ ہوگا۔

**(311) CONFORM COPIES**

کسی دستاویز کی ایک ہی جیسی دو نقلیں، جیسے وہ نقلیں جن پر اصل دستخط اور تاریخ درج ہو۔

**(312) CONFRONTATION RIGHT**

(مقابلے کا حق) مدعا علیہ کا گواہان کے رُوبرُو "آمنا سامنا" کا حق۔ ایسی حالت میں اکثر مدعا علیہ گواہیوں اور شہادتوں کا حق رکھتا ہے۔

**(313) CONSANGUINITY-COLLATERAL**

(قرابتِ یک جدی۔ متوازی قرابت) وہ تعلق جو دو اشخاص میں ہم جدی، ہم خاندان ہونے کی وجہ سے ہوتا ہے۔

**(314) CONSANGUINITY -LINEAL**

(قرابتِ مستقیم) وہ تعلق ورشتہ جو ایک ہی جد اور ہم نسل لوگوں سے ہوتا ہے، جیسے باپ کا رشتہ بیٹے، پوتے اور پر پوتے سے۔ لیکن آگے چل کر الگ راستے اختیار کرے، جیسے چچا اور بھتیجے کا رشتہ۔

**(315) CONSECUTIVE SENTENCES**

(مسلسل ولگاتار سزائیں) یکے بعد دیگرے بھگتی جانے والی سزائیں جو اسی مجرم کو دی جاتی ہیں جو دو جرموں کا مرتکب ہوا ہو۔

**(316) CONSERVATEE**

وہ شخص جو اپنی دیکھ بھال کرنے سے قاصر ہو اور عدالت کی طرف سے مقررہ دیکھ بھال کرنے والے پر انحصار کرتا ہو۔

**(317) CONSERVATOR**

(محافظ۔ نگراں) عدالت کی طرف سے مقرر کردہ وہ شخص جو کسی مجبور اور غیر متحرک شخص یا اس کی پراپرٹی کی دیکھ بھال کرے۔

**(318) CONSERVATORSHIP**

(منصبِ نگرانی ومحافظت) عدالت کا کسی شخص کو مقرر کرنے کا وہ عمل جس کی رُو سے یہ شخص کسی دوسرے کی محافظت ونگرانی کا ذمہ دار ٹھہرایا جائے۔

**(319) CONSENT**

(مرضی۔ رضامندی) وہ تحریری عہد نامہ جس کی رُو سے کسی فیصلے یا حکم کی تعمیل کی جائے۔

**(320) CONSIDERATION**

(توجہ۔ بدل۔ عوض) وہ وجہ، قیمت یا ترغیب جس کے زیرِ اثر کوئی عہد نامہ یا معاہدہ عمل میں آئے۔

**(321) CONSOLIDATION OF ACTIONS**

(انضمام۔ اشتمالِ عمل) وہ عملِ شمولیت جس میں دو فریق ایک ہی مقدمے میں منسلک ہوں اور ان کو ضم کر دیا جائے۔

**(322) CONSORTIUM,LOSS OF**

(عدمِ شمولیت۔ نقصان اشتراک) خاوند بیوی کے درمیان جنسی تعلقات کے فقدان کا نقصان۔

**(323) CONSPIRACY**

(سازش۔ سازباز۔ مجرمانہ منصوبہ) وہ عمل وتدبیر جس کے تحت دو یا دو سے زیادہ اشخاص ملی بھگت سے ارتکاب جرم یا اس کی تدبیر کریں۔

**(324) CONSTRUCTIVE POSSESSION**

(قبضۂ تعمیری) کوئی شخص جو اصل میں کسی شئے یا جائیداد پر قبضہ نہ رکھتا ہو، لیکن ایسے تصور کرے کہ وہ اس کا مالک ہے۔

**(325) CONSTITUTION**

(آئین۔دستور۔قانون) ہمارے ملک کا مرکزی قانون جو حکمرانی اور طاقت کا سرچشمہ ہے۔اس کے تحت ضوابط و قوانین ریاستی اصول واختیارات کے علاوہ حقوقِ شہری کو واضح کیا گیا ہے۔

**(326)CONSTITUTIONAL RIGHT**

(قانونی وآئینی حق) امریکی آئین کی جانب سے تفویض کردہ حقوق جنہیں ملکی عدالتیں واضح کرتی ہیں۔وفاق کے علاوہ کچھ دوسرے ادارے جیسے ریاست بھی ایسے حقوق کی ضمانت دیتے ہیں۔

**(327) CONTEMNOR**

(تحقیر وتوہین کنندہ) جس نے توہینِ عدالت کا جرم کیا ہو۔

**(328) CONTEPORARY COMMUNITY STANDARD**

(عصری معیارِ جماعت) وہ معیارِ اصول وضوابط وقواعد جو معاشرے کے تمام شہریوں کیلئے قابلِ قبول ہو،آپ کے اپنے ذاتی خیالات،نیکی بدی،اچھائی برائی کے اصول خواہ کچھ ہوں لیکن جماعت کا معیارِ معاشرت ان کی پسند وناپسند پر ہوگا۔

**(329) CONTEMPT(OF COURT)**

(توہینِ عدالت) عدالت کی حکم عدولی،جس کی سزا جرمانہ یا قید ہوسکتی ہے۔

**(330 CONTINUANCE**

(تسلسل) مقدمے کی کارروائی کو کسی آئندہ تاریخ تک ملتوی کرنا۔(دیکھئے **adjournment** )

**(331) CONTINUING EXCLUSIVE JURISDICTION**

(تخصیصی اختیارات کا تسلسل) یہ نظریہ کہ بچے کی کفالت و پرورش کا ایک وقت میں ایک ہی حکم نامہ روا ہونا چاہئے اور مقدمے کی کاروائی کے دوران عدالت کو اس میں تبدیلی یا کمی بیشی کرنے کا حق حاصل ہے۔تخصیصی اختیارات کے تسلسل والی عدالت کو ایسے مقدمے پر پورا کنٹرول ہوتا ہے۔تاوقتیکہ کوئی دوسری عدالت اس مقدمے کو اپنی تحویل میں لے لے۔اس امر کو ''مساوی بین ریاستی فیملی کفالت ایکٹ'' میں واضح کیا گیا ہے۔

**(332) CONTRACT**

(معاہدہ۔عہدنامہ) ۱۔دو یا دو سے زیادہ افراد میں کسی امر کو کرنے یا نہ کرنے کا عہد۔ ۲۔دو یا دو سے زائد لوگوں میں قانونی رشتہ بنانے،تبدیل کرنے یا ختم کرنے کا عہد۔

**(333) CONTRIBUTORY NEGLIGENCE**

(امدادی غفلت،جس سے نقصان پہنچنے میں مدد ملی ہو) ایک قانونی نظریہ یا اصول جس کے مطابق ایک غفلت کے دعویٰ میں اگر خود مدعی سے غفلت ہوئی ہو تو مدعا علیہ سے اس کی غفلت کا ہرجانہ وصول نہیں کیا جاسکتا۔

**(334) CONTROLLED SUBTANCES**

(منضبط مواد) قانونی طور پر شناخت شدہ وتعین کردہ ڈرگ جس کے حصول پر بندش ہو،سوائے یہ کہ اس ڈرگ،جوہر یا مواد کو صحت وتحفظ کی جدول کے کوڈ کی سیکشن نمبر ۱۱۵۴۔۱۱۵۵۔۱۱۵۶۔۱۱۵۷۔۱۱۵۸ میں تخصیصی طور پر بتایا گیا ہو۔

**(335) CONVERSION**

(تصرف۔تبدیلی) کسی دوسرے کی پراپرٹی کو ناجائز طریقے سے ہتھیا لینا۔

(336) CONVEY

(منتقل کرنا) ۱۔ پراپرٹی کے حقوقِ ملکیت کسی دوسرے کو تفویض کرنا۔ ۲۔ کھول کر بیان کرنا اور سمجھانا۔

(337) CONVICT

(سزایافتہ مجرم) ۱۔ وہ شخص جس پر کوئی جرم ثابت ہو چکا ہو اور وہ اس کی سزا جیل میں بھگت رہا ہو۔ ۲۔ کسی شخص کو کارروائی عدالت سے پہلے یا اقبالِ جرم کے بعد مجرم ٹھہرانا۔

(338) CONVICTION

(سزادہی۔ سزایابی) جب جج یا جیوری مدعا علیہ کو مجرم ثابت کر دے۔

(339) CORONER

(موت کی تحقیقات کرنے والا افسر) سرکاری ملازم جو ناگہانی اور مار کٹائی میں ہونے والی مشتبہ اموات کی تحقیقات کرے۔

(340) CORPORATION

(کارپوریشن۔ جماعتِ متحدہ) متحدہ جماعت جو کسی فرمانِ شاہی، منشور یا قانون کے تحت قائم کی گئی ہو اور جماعت کے نگراں کو خصوصی، انفرادی اختیارات و حقوق فراہم کرتی ہو۔

(341) CORPUS DELECTI

(قانون بنائے جرم۔ واقعاتی شہادت) ارتکابِ جرم کا واضح ثبوت، جیسے قتل کے کیس میں مرنے والے کی لاش یا آتش زدگی کے کیس میں آتش زدہ مکان کا ملبہ۔ اس سے زیادہ وسیع ترمعنی میں بھی مستعمل ہے۔ جیسے اگر سرکار کسی مجرم کا اقبالِ جرم، عدالت میں منوانا چاہتی ہے یا کسی مجرم کو سزا دلوانا چاہتی ہے تو اسے بنائے جرم کے ذریعے ثابت کرنا ہوگا کہ جرم کا ارتکاب ہوا اور مجرم کے مجرمانہ فعل کی وجہ سے نقصان ہوا یا چوٹیں لگیں۔

(342) CORRBORATE

(تائید کرنا) شواہد و ثبوت کے ذریعے ثابت کرنا۔ یقین سے زور دینا۔

(343) CORRBORATING EVIDENCE

(تائیدی شہادت) شواہدِ مزید جو اصل شہادتوں کی صداقت کو مزید مضبوط کرے۔

(343) CORROBORATION

(تائید) شہادت، بیان، گواہی اور دیگر عوامل کو تائید سے ٹھوس بنانا۔

(345) CORRUPTLY

بے ایمانی سے۔ رشوت سے

(346) COSTS

(خرچہ۔ صرفہ۔ قیمت) (۱) خرچہ و فیس جو ایک فریق عدالت میں مقدمہ دائر کرنے یا فیصلہ کو عمل درآمد کرانے میں لگاتا ہے۔
(۲) وہ رقم جو دیوانی مقدمے کی جیت کے بعد اس کے اخراجات ادا کرنے میں لگے۔

(347) COUNSEL

(وکیل۔ مشیر۔ مشورہ) (۱) ایک یا ایک سے زیادہ وکیل جو موکل کے کیس کی پیروی کریں۔ (۲) قانونی مشورہ۔ (دیکھئے ATTORNEY)

**(348) COUNSEL TABLE**

عدالت میں وہ جگہ جہاں مقدمے کی سماعت کے دوران فریقین یعنی مدعی اور مدعا علیہ دونوں جج کے سامنے بیٹھیں۔

**(349) COUNT**

فوجداری مقدمے میں الگ الگ، ہر الزام اور بیان۔(دیکھئے CHARGE)

**(350) COUNTERCLAIM**

(جوابی و عکسی دعویٰ) مدعی یا مدعا علیہ کی جانب سے ایک دوسرے کے خلاف عائد کردہ الزام جو مخالف فریق کے دعویٰ کے خلاف جاتا ہو۔

**(351) COUNTERFEIT**

(نقلی۔جعلی) حقوق و اختیار کے بغیر فریب دہی کی نیت سے جعلی نقل بنانا تاکہ یہ "اصل" گردانی جائے۔

**(352) COUNTY JAIL**

(کاؤنٹی جیل خانہ) وہ عمارت جس میں مقامی ملزمان یا سزا یافتہ مجرم رکھے جائیں۔

**(353) COURT**

(عدالت) جج یا ججوں کی جماعت جو انصاف کرنے کی غرض سے کارروائی سماعتِ مقدمہ عمل میں لائیں۔(دیکھئے BENCH )

**(354) COURT APPOINTED SPECIAL ADVOCATES (CASA)**

یہ وہ رضا کار (وکیل) ہیں جو کسمپرسی، غفلت یا بدسلوکی کے شکار بچوں کی نمائندگی کرتے ہیں۔

**(355) COURT ATTENDENT**

(اہلکارِ عدالت) وہ اہل کار جو کمرۂ عدالت میں ہلکی پھلکی سیکیورٹی، دفتری کام، وکلاء، جیوری، گواہوں اور عدالت کے درمیان ربط و تعلق کے کچھ فرائض سرانجام دے۔

**(356) COURT ADMINISTRATOR/CLERK OF COURT**

(عدالت کا منتظم یا کلرک) عدالت کا مقرر کردہ یا منتخبہ سرکاری اہل کار جو عدالت کی انتظامی لیکن قانون سے غیر متعلقہ فرائض انجام دے۔

**(357) COURT APPOINTED COUNSEL**

عدالت کی طرف سے وہ مقرر کردہ وکیل جو اس مدعا علیہ کی نمائندگی کرے جس کے پاس قانونی خدمات حاصل کرنے کی مالی صلاحیت نہ رہو۔

**(358) COURT COSTS**

(اخراجاتِ عدالت) وکیل کی فیس کے علاوہ عدالت کے اخراجات جو مقدمے دائر کرنے کے یا اس کے دفاع کیلئے اٹھانے پڑتے ہیں۔

**(359) COURT OF RECORD**

(کورٹ آف ریکارڈ۔اعلیٰ مستقل عدالت) وہ عدالت جہاں مقدمات کی پیروی کے تمام عوامل کا ریکارڈ مستقل طور پر رکھا جاتا ہے۔

**(360) COURT ORDER**

(عدالتی حکم نامہ) قانونی افسر جیسے جج کا دیا ہوا فیصلہ یا حکم جس میں کسی فریق کو کچھ حقوق تفویض کئے جاتے ہیں اور کسی فریق کو تعمیل کا حکم۔

**(361) COURT REPORTER**

(کورٹ رپورٹر) وہ شخص جو کارروائی سماعتِ مقدمات کو حرف بہ حرف تحریر اور ریکارڈ میں لائے۔تیار ہونے کے بعد اس ریکارڈ کو ٹرانسکرپٹ کہا جاتا ہے۔

**(362) COURT TRIAL**

(سماعتِ مقدمہ) جیوری کے بغیر عدالتی کارروائی، جس کا فیصلہ جج دیتا ہے۔

**(363) COURT,APPEALS**

(عدالت بہ اختیاراتِ اپیل) کچھ ریاستوں میں اپیل سننے والی سب سے بڑی عدالت، جہاں یہ حق عدالت کو حاصل ہے، کہ وہ اپیل سنے یا نہ سنے۔

**(364) COURT,DISTRICT**

(ڈسٹرکٹ کورٹ) ۱۔وفاقی:۔وہ ٹرائل کورٹ جس کے پاس دیگر وفاقی عدالتوں کے سے اختیارات ہوں۔
۲۔ریاستی:۔ ہر ریاست میں اس کے الگ الگ معنی ہیں۔

**(365) COURT,JUVENILE**

(عدالت برائے اشخاصِ کم سِن) وہ عدالت جس کے زیرِ اختیارات کم سِن اشخاص (اکثر ۱۸ سال سے کم عمر) کے مقدمات ہوتے ہیں۔ یہ مقدمات اکثر مجبور، مفرور، اور کم پُرس بچوں سے متعلق ہوتے ہیں۔

**(366) COURT,NIGHT**

(عدالتِ شبی) وہ خصوصی عدالت جو مقدمات کی کارروائی علی الصبح یا شام کے آخری حصے میں سماعت کرتی ہے۔

**(367) COURT,SUPERIOR**

(عدالتِ اعلیٰ) ٹرائل کورٹ جس کے ہر ریاست میں الگ الگ معنی لئے جاتے ہیں۔

**(368) COURT,TRAFFIC**

(ٹریفک کورٹ) خصوصی عدالت جو محض ٹریفک سے متعلقہ جرائم کے مقدمات کی سماعت کرتی ہے۔

**(369) COURTSEY NOTICE**

(تکریمی تنبیہ نامہ) کمپیوٹر سے تیار کردہ ایک نوٹس جو ٹریفک کی خلاف ورزی کرنے والے کو بھیجا جاتا ہے۔ اس میں جرمانے کی رقم، اس کی ادائیگی اور عدالت میں حاضر ہونے سے متعلق امور کا تذکرہ ہوتا ہے۔

**(370) COURTROOM**

(کمرۂ عدالت) عدالتی کمرے کا وہ حصہ جہاں جج بیٹھ کر مقدمے کی سماعت کرتا ہے۔

**(371) COURTROOM CLERK**

(کمرۂ عدالت کا کلرک) کمرۂ عدالت کا وہ سرکاری اہل کار جو عدالتی کارروائی اور سماعتِ مقدمہ کے تمام کاغذات، جج کے حکم اور قوانینِ عدالت کے مطابق تیار کرتا ہے، گواہوں اور جیوری سے حلف اٹھوانا، شواہد پیش کرنا بھی اس کے فرائض میں شامل ہے۔

**(372) CREDIBILITY**

(معتبر یا قابلِ اعتماد ہونا) گواہ کے معتبر اور قابلِ اعتبار ہونے کی خوبی، جس کی بنیاد پر اس کی شہادت قابلِ قبول تصوّر کی جائے۔

**(373) CREDIT**

(اعتبار۔ساکھ، ادھار) چیک لکھنے والے اور اس ادارے کے درمیان اعتبار، جس کے نام پر چیک لکھا گیا ہے، تاکہ وہ اس کو کیش کردے۔

**(374) CRIME**

(جرم) کوئی فعل جس کے کرنے یا نہ کرنے سے قانون ٹوٹتا ہو۔ اگر قانونی کارروائی کے بعد کسی پر جرم ثابت ہو جائے تو اس کی سزا، موت، قید بھگتنا، جرمانہ ادا کرنا، کسی عہدے سے ہٹا دینا یا کسی معزز و قابلِ اعتبار عہدے کے لائق نہ سمجھنا ہوسکتی ہے۔

**(375) CRIMINAL**

(مجرم) جس پر کوئی سنگین یا خفیف جرم کا ارتکاب ثابت ہو چکا ہو۔

**(376) CRIMINAL CASE**

(فوجداری کیس) عدالتی کارروائی جو کسی جرم کے ارتکاب کے بعد شروع ہو۔

**(377) CRIMINAL CONDUCT**

(مجرمانہ روّیہ) جرم میں ملوث ہونے کی عادت یا فطرت۔

**(378) CRIMINAL INSANITY**

(دائمی فتور۔ مجرمانہ خللِ دماغ) دماغی خلل اور پاگل پن کی حالت، جس میں اچھے اور بُرے کی تمیز مٹ جائے۔

**(379) CRIMINAL NEGLIGENCE**

(مجرمانہ غفلت) غفلت اور لاپرواہی کے وہ اشتعال انگیز فعل یا حرکتیں جس میں کسی دوسرے کے جانی مالی نقصان کا خیال نہ کیا جائے اور دماغی صلاحیت اس فعل کے سنگین نتائج کا ادراک نہ رکھتی ہو اور ایسا فعل عام اور نارمل آدمی سے سرزد نہ ہوتا ہو۔

**(380) CRIMINAL RECORD**

(مجرمانہ ریکارڈ) ۱۔ گرفتاری کا ریکارڈ۔ تحریری ریکارڈ جس میں کسی شخص کی تمام گرفتاریوں کا ریکارڈ ہو۔
۲۔ وہ فارم جو پولیس کسی شخص کی گرفتاری کے موقعہ پر بھرے۔

**(381) CRIMINAL STREET GANG**

(آوارہ گرد مجرمانہ ٹولی) گلیوں بازاروں میں آوارہ گردی اور جرموں کا ارتکاب کرتے ہوئے تین یا تین سے زائد لڑکے لڑکیوں کی ٹولیاں۔ ان ٹولیوں کی شناخت ایک ہی جیسے کپڑے یا کسی خاص قسم کے نشان سے ہو سکتی ہے۔ ٹولیوں کے یہ لوگ کبھی انفرادی اور کبھی اجتماعی طور پر توڑ پھوڑی اور دیگر نقصِ امن کے جرموں کا ارتکاب کرتے ہیں۔

**(382) CRIMINAL SUMMONS**

(طلب نامۂ مجرم) وہ حکم نامہ جس کے ذریعے مجرم کو عدالت میں بلایا جائے۔

**(383) CROSS-CLAIM**

(جوابی دعویٰ مقابل دعویٰ) وہ دعویٰ جو مدعی اور مدعا علیہ ایک دوسرے کے خلاف دائر کریں۔

**(384) CROSS EXAMINATION**

(سوالاتِ جرح) جب وکیلِ مخالف، گواہ سے سماعتِ مقدمہ کے دوران سوالات کرے۔

**(385) CUMULATIVE SENTENCES**

(متصّل و مجموعی سزائیں) وہ سزائیں جو یکے بعد دیگرے شروع ہوں (دیکھئے

**( CONCURRENT SENTENCES AND CONSICATIVE SENTENCES)**

**(386) CUSTODIAL PARENT**

(تحویلی والدین) وہ والدین جن کے قبضے میں بچوں کی تحویل اور اختیاراتِ نگہداشت وحفاظت ہوں۔

**(387) CUSTODY**

(قبضہ۔ تحویل) ۱۔ ایک شخص کی تحویل، تاکہ وقت و تاریخ مقررہ پر عدالت میں پیش کیا جاسکے۔
۲۔ مجرم ثابت ہونے کے بعد جج کا کسی کو جیل میں بھیجنا۔ ۳۔ بچوں پر اختیاراتِ نگہداشت و قبضہ۔

**(388) CUSTODY ORDER**

(تحویلی حکم نامہ) عدالت کا وہ حکم نامہ جو یہ واضح کرے کہ بچہ کس فریق کے ساتھ رہے گا اور کون اس کی حفاظت، نگہداشت، تعلیم اور دیگر اہم وامور کے بارے میں فیصلے کا حق رکھتا ہے۔

**(389) CUSTOM**

(رسم ورواج) وہ عادات ورسوم جو قانون کے لحاظ سے نہ سہی، بلکہ مستقل اور دیر تک عمل پیرا ہونے کے باعث ایک معاشرے کا لازمی حصہ بن گئی ہوں.

**(390) DAMAGES**

(ہرجانہ۔نقصان۔ہرجہ) وہ ہرجانہ جو ہارنے والے فریق کو جیتنے والی پارٹی کے نقصانات کی تلافی کے طور پر ادا کرنا پڑے۔اس کی دو قسمیں ہیں۔(۱) جو اصل نقصان یا چوٹ کی تلافی کیلئے ادا کیا جائے۔(۲) تعزیری۔مثالی۔یہ رقم اصل نقصان سے اس لئے زیادہ ہوتی ہے، کیونکہ یہ اس نیت اور ایما کی سزا ہے جس کے تحت جرم کا ارتکاب ہوا۔

**(391) DEADLY WEAPONS**

(جان لیوا، مہلک ہتھیار) کوئی ہتھیار، شئے یا اوزار جس کی ضرب کی وجہ سے موت واقع ہو سکتی ہو یا شدید جسمانی چوٹیں لگ سکتی ہوں۔

**(392) DEATH PENALTY**

(سزائے موت) سزائے موت جو حکومت کی طرف سے شدید وسنگین جرم کے ارتکاب کے عوض دی جائے، (دیکھئے

**SEE CAPITAL PUNISHMENT**

**(393) DEATH ROW**

ریاستی یا وفاقی جیل خانے کا وہ حصہ، جس میں وہ مجرم رکھے جاتے ہیں، جن کو سزائے موت ہو چکی ہے لیکن اس کی تعمیل کا انتظار ہے۔

**(394) DECENDENT**

فوجداری قانون میں مقتول اور قانونِ صحت ووصیت میں متوفی۔

**(395) DECISION**

(فیصلہ) عدالت کا وہ فیصلہ یا حکم نامہ جس کے ذریعے ایک مقدمہ اختتام پذیر ہوتا ہے۔

**(396) DECLARATION**

(اعلان۔بیان۔اظہار) وہ تحریری بیان جو ایک شخص عدالت میں فائل کرے اور اس میں وہ ان وجوہات کا ذکر کرے، جن کی بنیاد پر اس کی جیت ہونی چاہئے۔بعض اوقات یہ بیان حلفیہ بھی ہوتا ہے۔

**(397) DECLARATION OF PATERNITY**

(پدری اعلان) غیر شادی شدہ دو افراد کا ہسپتال میں ایک فارم بھر کے بیان دینا، جس میں بتایا جائے کہ بچّے کا باپ کون ہے؟۔

**(398) DECLARATORY JUDGEMENT**

(فیصلہ استقراری) عدالت کی طرف سے دیا گیا وہ بیان جس میں موجودہ مروّجہ قانون کی وضاحت کی جائے اور عدالت کی رائے بنا حکم تعمیل کی جائے.

**(399) DECREE**

(عدالتی فیصلہ) جس کی دو قسمیں ہیں۔(۱) درمیانی، یعنی یہ آخری اور حتمی نہیں ہے (۲) حتمی اور فائنل یعنی مقدمے کے تمام امور طے کئے جا چکے ہیں۔

**(400) DE FACTO PARENT**

(فی الواقع والدین) عدالت کی جانب سے تسلیم شدہ شخص جو ایک بچّے کی کفالت، روزمرّہ کی نگرانی، حفاظت، اس کے جسمانی اور جذباتی عوامل

اوراس کی ضروریات کامدّتِ مدید کیلئے حق حاصل کر چکا ہو۔

**(401) DE FECTO**

(فی الواقع۔فی الحقیقت) کمسن اورنابالغوں کے کیس میں استعمالِ اختیار۔لاطینی زبان کے لفظ ''حقیقت سے'' ماخوذ۔

**(402) DEFAMATION**

(توہین۔ہتک عزت) کسی شخص کے کردار،شہرت اورنیک نامی کے خلاف ہتک آمیز،جھوٹے اوردل آزاری کرنے والے،وہ کلمات وبیانات جوقانونی گرفت سے باہرہوں۔

**(403) DEFAULT**

کوتاہی۔عدم تعمیل۔نادہندگی

**(404) DEFAULT JUDGMENT**

مدعاعلیہ کےحق میں دیا گیاعدالتی فیصلہ جومدعی کی عدم حاضریٔ عدالت کی وجہ سے صادرکیا گیاہو۔

**(405) DEFENDANT**

(مدعاعلیہ) دیوانی مقدمے میں وہ شخص یاکمپنی جس کے خلاف مقدمہ دائرکیا گیاہو۔

**(406) DEFENCE**

(حفاظت۔مدافعت۔مدعاعلیہ) دیوانی مقدمے میں مدعاعلیہ کے بیان کردہ حقائق جن کی رُو سے مدعی سے نرمی نہ برتنے کی درخواست ہو۔ فوجداری مقدمے میں وہ وجوہات وحقائق جن کی رُو سے مدعی پرسزاعائدنہ ہونی چاہیئے۔

**(407) DEFENCE ATTORNEY**

(وکیلِ صفائی) فوجداری مقدمے میں ملزم (مدعاعلیہ) کی طرف سے پیش ہونے والاوکیل۔

**(408) DEFRAUD**

(فریب دینا) اصل حقائق کوچھپاکرفریب دہی کی نیت سے،جائزحق کی خلاف ورزی کرنا۔دھوکہ دینا۔چالبازی سے کسی شخص کواس کے حق یا جائیدادسے محروم کرنا۔

**(409) DEGREE**

(درجہ) الزام کی حدیادرجہ۔

**(410) DELIBERATE**

(دیدہ دانستہ۔جان بوجھ کر) مقدمے کےعدالت میں پیش کردہ تمام حقائق،عوامل اورشواہدکوخاطرمیں لانا۔

**(411) DELIBERATION**

(غوروخوض۔مشورہ۔بحث) جیوری کادیوانی یافوجداری مقدمات میں کمرۂ جیوری میں جاکرمقدمے کےتمام عوامل کوصحیح فیصلے پرلینے کی غرض سے زیرِ بحث لانا۔

**(412) DELINQUENCY COURT**

کم سِن بچوں کی عدالت کاوہ سیکشن جہاں بچوں پرارتکابِ جرم کاالزام لگایاجاتا ہے۔

**(413) DELINQUENCY,JUVENILE**

کسی نابالغ بچے سے ایسے ناشائستہ فعل کاسرزدہوناجس کااگرکوئی بالغ مرتکب ہوتاتووہ مجرمانہ سزاکاحقداررہتا۔لیکن کمسنی کے پیشِ نظرخاص

قوانین کے تحت کم سنی کی سزا دینا۔

**(414) DEMURRER**

جب مدعا علیہ یہ دعویٰ کرے کہ اس کے خلاف مدعی کے پیش کردہ حقائق درست ہو سکتے ہیں، لیکن ان سے مدعا علیہ کی قانونی ذمہ داری ثابت نہیں ہوتی۔

**(415) DENNIS H.**

کارروائی سماعتِ عدالت، جس کے ذریعے یہ جاننے کی کوشش کی جائے کہ ''عدالت برائے کم سن'' میں پٹیشن کو برقرار رکھا جائے۔

**(416) DE NOVO**

(ازسرِ نو کارروائی) اس مقدمے کی سماعت کا ازسرِ نو آغاز کرنا، جس کی سماعت میں کوئی قانونی غلطی یا کوئی سقم واقع ہوا ہو۔ لاطینی زبان میں **NOVO** سے مراد ہے ''نیا''۔ (دیکھئے **TRIAL DE NOVO**

**(417) DEPENDENCY COURT**

''عدالت برائے اشخاص کم سن'' کا وہ ڈویژن جو بچوں سے ناروا سلوک و غفلت کے مقدمات کی سماعت کرتا ہے۔

**(418) DEPENDENT CHILD**

قانونِ خاندان میں وہ بچہ جو کسی دوسرے کی مالی کفالت کا محتاج ہو۔ ''قانون برائے کمسنی اشخاص'' میں عدالتی تحویل میں وہ بچہ جسے غفلت میں نظرانداز کیا گیا ہو، جس سے ناجائز جسمانی سلوک کیا گیا ہو یا اپنی دماغی حالت کی وجہ سے جسمانی طور پر دوسروں کیلئے خطرناک ہو۔

**(419) DEPORTATION**

امیگریشن جج کے حکم کے مطابق کسی غیر قانونی طور پر رہنے والے کو ملک بدر کرنے کا عمل۔ جلاوطنی کا یہ عمل جلاوطن شدہ شخص کیلئے مختلف نتائج کا حامل ہو سکتا ہے، جیسے چند سالوں کیلئے اس کا ملک میں داخلہ بند ہو جانا۔ ایسا ناجائز داخلہ جرم کے مترادف ہو سکتا ہے۔

**(420) DEPOSITION**

(بیان حلفی) تحریری یا زبانی حلفیہ بیان جو کسی تیسرے مقرر کردہ فریق، جیسے کورٹ ریکارڈر کے سامنے دیا جائے۔ حلفیہ بیان کا یہ عمل عدالت سے باہر ہوتا ہے، جس کی وجہ سے فریقین ان لوگوں کے بیانِ حلفیہ بھی حاصل کر سکتے ہیں جو عدالت سے دور رہتے ہیں۔ وکلاء کیلئے مقدمے کی تیاری کے سلسلے میں یہ بیانات مددگار ثابت ہوتے ہیں۔

**(421) DEPRIVATION OF CUSTODY**

(محرومی اختیاراتِ تحویل) جب عدالت کسی شخص کے اختیاراتِ تحویل کو ایک پارٹی، جیسے والدین یا ولی سے چھین کر عارضی یا مستقل طور پر کسی دوسری پارٹی، ادارے یا ایجنسی کو دے دے۔

**(422) DEPUTY**

(نائب) کسی کو دوسرے کی جگہ، اس کے نام اور اختیارات کے ساتھ مقرر کرنا۔ جیسے ڈپٹی کاؤنٹی کلرک کو کاؤنٹی کلرک کی جگہ۔

**(423) DEPUTY D.A.**

ڈسٹرکٹ اٹرنی کا نائب یا اسسٹنٹ۔

**(424) DECENT AND DISTRIBUTION STATUTE**

وہ قوانین جن کی رُو سے ریاست کو اس جائیداد کے تقسیم کرنے کا حق ہے جس کے بارے میں فریق نے کوئی وصیت نامہ نہ چھوڑا ہو۔ ہم معنی۔
**INTESTACY LAWS**

**(425) DESTRUCTIVE DEVICE/EXPLOSIVE**

(آتش گیر تباہ کن مادہ) ایسا مادہ جو آگ اور گیس کے فوری اخراج کی صلاحیت رکھتا ہو اور جس کے ذریعے آتش گیری اور دھماکہ خیزی حاصل کی جائے۔

**(426) DETENTION**

(حراست۔قید۔نظر بندی) کسی شخص کو عدالت کے فیصلے پر پہنچنے تک عارضی طور پر جیل میں رکھنا۔

**(427) DETENTION HEARING**

(سماعتِ حراست) بچے کو ماں باپ کی تحویل سے نکال لینے کے فوراً بعد متوسّل عدالت میں ابتدائی سماعتی کارروائی۔

**(428) DETERMINATE (SENTENCE)**

(محدود میعادِ سزا) قانونی طور پر ایک مقررہ میعادِ سزا۔

**(429) DEVELOPMENTALLY DISABLED**

(محرومیِ نشوونما۔ارتقائی معذوری) ایسے لوگ جو بچپن اور شیر خوارگی سے معقول اور نارمل نشوونما و بالیدگی سے محروم رہے ہوں۔ایسے لوگ اگرچہ دماغی مریض تو نہیں ہوتے لیکن از خود عام لوگوں کی طرح اپنی دیکھ بھال نہیں کر سکتے۔ بنابریں اپنی، دوسروں اور کمیونٹی کی بہتری کیلئے کسی سہارے یا نگہداشت کے محتاج ہوتے ہیں۔انہیں پہلے دماغی طور پر مفلوج کہتے تھے۔

**(430) DEVISE**

(ہبہ بالوصیت) وصیت کردہ تحفہ یا جائیداد۔

**(431) DEVISEE**

(ہبہ بالوصیت کا حاصل کنندہ) وہ شخص جو وصیت کردہ تحفہ یا جائیداد حاصل کرے۔

**(432) DIRECT EVIDENCE**

(شہادتِ بلاواسطہ) حقائق پر مبنی وہ ثبوت جو شاہدِ عینی کے بتائے ہوئے کوائف پر مبنی ہو۔

**(433) DIRECT EXAMINATION**

(بلاواسطہ جرح و بحث) گواہ کا وہ بیان و شہادت جو اس فریق کی جرح و بحث کے دوران دے جس کی طرف سے وہ پیش ہوا۔

**(434) DIRECTED VERDICT**

جیوری کیلئے جج کی وہ ہدایت جس کی رُو سے جیوری کو ایک خاص فیصلے تک پہنچنا ہی لازم ہو۔آج کل اسے ''فیصلہ از روئے قانون'' کہتے ہیں۔

**(435) DISBARMENT**

(وکالت کے پیشے سے خارج کرنا) وکلاء کیلئے ایک قسم کی سزا جس کی رُو سے وہ (اکثر مستقلاً) اپنے پیشے کی پریکٹس نہیں کر سکتے۔یہ سرکاری ملامت و تنبیہ اور معطلی (جس میں عارضی طور پر وکالت کے پیشے سے باز رکھا جاتا ہے) سے مختلف ہے۔

**(436) DISCLAIM**

(قانوناً دستبردار ہونا یا لاتعلقی برتنا) کسی وصیت کردہ تحفہ کو لینے سے انکار کرنا۔

**(437) DISCLAIMER**

(دستبرداری۔لاتعلقی) کسی ایسے حق، اختیار یا جائیداد کی ملکیت سے منکر ہونا، جس کا قبل ازیں کوئی اقرار کر چکا ہو یا اسے تسلیم کر چکا ہو۔

**(438) DISCOVERY**

(انکشاف ۔دریافت) مقدمے کے عدالت میں جانے سے پہلے تمام اطلاعات (شواہد،حقائق اور دستاویزات) کو جمع کرنا۔انکشاف کے کئی طریقے ہیں، جیسے بیاناتِ حلفی، اقبالِ جرم کی درخواست یا سوال جواب۔اس کے علاوہ تفتیش وتحقیق یا فریقِ مخالف کے وکیل سے مل کر بھی انکشاف کا حصول ہوسکتا ہے۔

**(439) DISCOVERY MOTION**

(تحریکِ انکشاف) وہ تحریک یا موشن جس کے ذریعے محرک، شہادتِ گواہی یا ثبوت کا انکشاف طلب کرے۔

**(440) DISCRIMINATION**

(تفریق ۔امتیاز) اختیارِ تمیزی کا وہ سلوک جس کے ذریعے کسی خاص طبقے کو مطلق العنانہ انداز سے خاص حقوق ورعایت تفویض کردی جائے۔

**(441) DISMISS**

(موقوف کرنا۔برطرف کرنا) فوجداری مقدمے میں مدعا علیہ کے خلاف بقیہ الزامات کی عدالتی کارروائی کو موقوف کرنا۔

**(442) DISMISSAL WITH PREJUDICE**

جب عدالت ایک کیس کو خارج کردے اور اس دعویٰ کے تحت کسی اور مقدمے کو دائر کرنے کی اجازت نہ دے۔

**(443) DISMISSAL WITHOUT PREJUDICE**

جب عدالت کسی کیس کو خارج کردے لیکن اس دعویٰ کے تحت آئندہ مقدمہ دائر کرنے کی اجازت دے۔

**(444) DISORDERLY CONDUCT**

(انتشار انگیز رویہ) کوئی بھی غیر قانونی رویہ جو عوام کے نقصِ امن وسکون اور بدنامی ٔمعاشرے کا باعث بنے یا عوام الناس کی اخلاقیات کیلئے باعثِ شرم ہو۔

**(445) DISPARITY**

(تفاوت۔عدمِ مساوات) دو چیزوں کے معیار یا تعداد میں غیر مساویانہ فرق۔

**(446) DISPOSITION**

کسی مقدمے میں عدالت کا آخری اور حتمی فیصلہ۔

**(447) DISPOSITIONAL HEARING**

وہ کارروائی مقدمہ جو پٹیشن کو صحیح ماننے (الزامات کو صحیح تسلیم کرنے) کے بعد عمل میں آئے۔جس میں ایسے عوامل زیرِ بحث آئیں، جیسے، آیا بچہ عدالت کا دست نگر ہوگا، اس کی رہائش کہاں ہوگی، اور اگر ماں باپ سے اتحادِ نوممکن ہو تو کس صورت کیا جائے گا۔

**(448) DISSENT**

(اختلاف) عدالتِ مرافعہ کے اقلیتی نقطۂ نظر کا تعین اور اکثریتی فیصلے سے ایک یا ایک سے زیادہ ججوں کا اختلاف۔

**(449) DISSOLUTION**

(انفساخ۔تحلیل) جج کے دیئے ہوئے فیصلے کے تحت ازدواجی رشتہ کا خاتمہ۔

**(450) DISSOLUTION OF MARRIAGE**

ازدواجی رشتے یعنی شادی کا انقطاع۔طلاق۔لیکن اس میں بطلان شامل نہیں۔

**(451) DISTINCTIVELY MARKED**

(امتیازی نشاندہی) موٹر گاڑی کو آسانی سے پہچان لینے کا امتیازی نشان، جیسے ایک پولیس افسر کی گاڑی کی سُرخ بتیاں، سائرن، ایسے امتیازی

نشان ہیں کہ کوئی بھاگتا ہوا شخص جان سکتا ہے کہ اس کا پیچھا پولیس کار کر رہی ہے۔

**(452) DISTRICT ATTORNEY**

(ڈسٹرکٹ اٹارنی۔سرکاری وکیل) وکیل جو فوجداری مقدمات میں چناؤ یا تقرری کے بعد اپنے عدالتی حلقے میں سرکار کی نمائندگی کرے۔

**PROSECUTOR** دیکھئے

**(453) DISTRUBING THE PEACE**

(نقضِ امن) ایسا رویہ جو شہریوں کو ستائے یا دق کرے۔اس میں غیر ضروری آوازیں نکالنا اور شور مچانا بھی شامل ہے۔

**(454) DIVERSION**

(متبادل راستہ) جیل کی بجائے ایک بحالیاتی پروگرام میں حصہ لینا جو ایک آزمائش افسر کے زیرِ نگرانی عمل میں آتا ہے۔پروگرام کے اختتام پر مدعا علیہ پر لگائے ہوئے الزامات ختم ہو جاتے ہیں اور اسے قید کی سزا نہیں ملتی۔(مقابلہ کریں)

**ELECTRONIC MONITORING,HOME MONITORING**

**(455) DIVORCE**

(طلاق) شادی کے خاتمے کا قانونی نام۔(دیکھئے **DISSOLUTION**)

**(456) DOCKET**

(عدالتی فیصلوں کا رجسٹر) سماعتِ مقدمہ کی عدالتی کارروائی کی مکمل تاریخ۔اس میں تاریخ وار سماعتِ مقدمے کا مختصر حال ہوتا ہے۔

**(457) DOCKET NUMBER**

(ڈاکٹ نمبر) وہ شناختی نمبر جو عدالتی کلرک ہر مقدمے کو تفویض کرتا ہے۔یہ نمبر ہر متعلقہ کاغذ پر لکھا ہوتا ہے،اس کو کیس نمبر بھی کہتے ہیں۔

**(458) DOE**

(زید۔عمر۔بکر) عدالت اور سرکاری دستاویزات میں کسی شخص کو یہ نام دے کر پکارا جانا جس کا نام معلوم نہ ہو۔

**(459) DOMESTIC VIOLENCE**

(خانگی تشددِ مجرمانہ) گھر کے ایک فرد کا دوسرے کے خلاف تشددِ مجرمانہ۔جبر۔سختی یا مار پیٹ۔

**(462) DOMICILE**

(وطنیت۔جائے سکونت ورہائش) کسی شخص کی مستقل قانونی جائے سکونت یا وطنیت۔

**(461) DOUBLE JEOPARDY**

(دوہرا خطرہ) پانچویں ترمیم کے تحت ایک شخص کیلئے قانونِ ممانعت،جس پر عدالت نے ایک ہی جرم کے تحت دو دفعہ مقدمہ چلایا ہو۔

**(462) DRIVE-BY MURDER**

چلتی ہوئی گاڑی سے راہ گیر کو فائرنگ کر کے قتل کرنا۔جان بوجھ کر قتل کے ایما سے ارتکابِ جرم کو پہلے درجہ کا قتل کہتے ہیں۔

**(463) DRIVING WHILE INTOXICATED(DWI)**

(نشہ کی حالت میں ڈرائیونگ) نشہ آور ڈرگ یا الکحل کے زیرِ اثر غیر قانونی طور پر گاڑی چلانا۔بعض عدالتی اختیارات میں یہ (**DWI**) یعنی ''زیرِ اثر نشہ'' کے مترادف ہے،لیکن کچھ میں ''زیرِ اثر نشہ'' مختلف ہے ''نشہ کی حالت سے۔

**(464) DRUNK DRIVING**

(حالتِ نشہ میں ڈرائیونگ) موٹر گاڑی کو ناقص حالت میں چلانا یعنی الکحل کی اتنی مقدار پینے کے بعد چلانا جو سرکار کی مقرر کردہ حد سے زیادہ ہو۔

**(465) DUE PROCESS OF LAW**

(بطریقِ قانونی۔ با قاعدہ) ایک با قاعدہ اور منظم طریق کار جس کے تحت عدالتوں کے ذریعے قانون نافذ کیا جاتا ہے۔ امریکی آئین کے مطابق ہر شخص کیلئے عدالت کے دروازے کھلے ہیں۔ ہر شخص کو اپنی نمائندگی کیلئے ایک وکیل کرنے اور عدالتی کارروائی کا حق ہے۔ جو بلا تاخیر، منصفانہ اور غیر جانبدارانہ فیصلے کرے۔

**(466) DURESS**

(دباؤ۔ جبر۔ اکراہ) اس میں غیر قانونی حراست، جسمانی تشدد کی دھمکی، اپنی بات کا جبراً منوانا یا ناجائز دباؤ سے ایسا فعل کرنا جو کسی کی مرضی کے خلاف ہو، سب شامل ہے۔

**(467) EASMENTS**

(حقِ آسائش) کسی دوسرے کی جائیداد کا حقِ استعمال۔

**(468) ELEAZER MOTION**

وہ تحریک یا موشن جو سرکار سے کسی مُخبر کے ٹھکانے یا اس کا اتا پتہ لگانے کی کوششوں کے ثبوت کا تقاضہ کرے۔

**(469) ELECTRONIC MONITORING**

وہ برقی تدبیر و ترکیب جس کے ذریعے ایک مجرم کو جیل میں ڈالنے کی بجائے اس کی حرکات وسکنات پر حُدودِ متعینہ میں محدود رکھنے کی غرض سے کڑی نظر رکھی جائے۔

**(470) ELECTRONIC TECHNOLOGY**

یہ کمپیوٹر، موڈم، ٹیلی فون، فیکس مشین، ڈسک تک محدود نہیں ہوتی، لیکن یہ تمام اس میں شامل ہیں۔

**(471) ELEMENTS OF A CRIME**

(جُرم کے عناصر) سرکار کیلئے ان تمام عوامل وعناصر کو ٹھوس حقیقت سے ثابت کرنا لازمی ہے، جس سے مجرم پر جرم ثابت ہو اور وہ سزا پائے۔
اِن عناصر میں (۱) جرم کا یقینی ارتکاب (۲) مجرم کا ایماو منشاء ارتکاب اور (۳) ان دونوں عناصر میں وقت کا ربط شامل ہے۔

**(472) EMANCIPATION**

(آزادی) بچوں کا ۱۸ سال کی عمر سے قبل قانونی طور پر آزاد و بالغ ہونے کا طریقہ۔ اس آزادی کے بعد بچہ والدین کے قبضے وتحویل سے نکل جاتا ہے۔

**(473) EMBEZZLE**

(غبن کرنا۔ خیانت کرنا) کسی دوسرے کی جائیداد یا رقم میں دیدہ دانستہ خیانت، جو دراصل خائن کے قبضے میں جائز طریقے، جیسے ملازمت یا کسی خاص اعتبار سے تھے۔

**(474) EMBEZZLEMENT**

(غبن۔ خیانت۔ اغلب) جائیداد میں خیانت جس کی تحویل اعتبار پر تھی۔

**(475) EMINENT DOMAIN**

(حقِ فائق) حکومت کا یہ حق کہ کسی بھی شخص کی جائیداد بہ اغراضِ عامہ، مناسب اور موزوں معاوضہ پر حاصل کرے۔

**(476) EN BANC**

(بینچ میں) وہ عدالتی میٹنگ جس میں چند ججوں کی بجائے تمام جج شرکت کرتے ہیں۔ مثلاً، یو۔ ایس سرکٹ اپیل کی عدالت کے پینل میں اکثر تین جج اکھٹے ہو کر فیصلہ دیتے ہیں۔ یہ لوگ ایسے موقع پر کرسیوں میں بیٹھے ہوتے ہیں۔ لہٰذا بینچ میں جو فرانسیسی لفظ ''بنچ کے اوپر سے'' ماخوذ ہے۔

**(477) ENDORSE**

(تحریرِ ظہری لکھنا۔ تائید کرنا۔ تطہیر کرنا) کسی دستاویز پر اپنا نام منضبط کر کے اس کے کوائف کی تصدیق کرنا۔ (جیسے ایک چیک پر دستخط کر کے رقم کسی دوسرے کے نام کر دی جاتی ہے)۔

**(478) ENDORSED-FILED COPIES**

عدالتی دستاویز و کاغذات پر دائیں جانب اوپر کے حصے پر ایک مہر کا لگانا، جو اس بات کا ثبوت ہے کہ کاغذات عدالت میں کب فائل کئے گئے ہیں۔
(مقابلہ کیجئے CERTIFIED COPY)

**(479) ENDORSMENT,FORGERY BY**

جعل سازی سے چیک پر تحریرِ ظہری لکھنا، جس کا ایما دھوکہ دہی ہوتا ہے۔

**(480) ENHANCE**

(بڑھانا۔ اضافہ کرنا) کسی چیز کی قدر و قیمت کو بڑھانا۔

**(481) ENHANCEMENT**

(بڑھاوا۔ اضافہ) بنیادی جرم میں کسی اور جرم کا اضافہ، جو ثابت ہونے کے بعد سزا میں اضافے کا باعث بنے، مثلاً اصل سنگین الزام میں اس امر کا اضافہ کہ جرم بندوق سے کیا گیا۔

**(482) ENJOINING**

(حکم یا ہدایت دینا) عدالت کا حکم جس کی رُو سے کسی عمل کو روکنے کا حکم دیا گیا ہو۔

**(483) ENTER A GUILTY PLEA**

(اقبال و اعترافِ جرم) عدالت کے سامنے باضابطہ بیان جس میں ملزم اپنے کئے کو تسلیم کرے یا اقبالِ جرم کرے۔

**(484) ENTRAPMENT**

(پھانسنا) جرم کے دفاع میں سرکاری کارندوں پر الزام لگانا کہ ان کی ترغیب و تحریص سے جرم کا ارتکاب ہوا۔ جس کے بنا جرم واقع نہ ہوتا۔

**(485) ENTRY OF DEFAULT**

عدالت کے کلرک کے ریکارڈ کے مطابق مدعا علیہ کی وعدہ خلافی کا اندراج۔ یہ وعدہ خلافی عدم جواب دہی یا بروقت عدم جواب دہی کی بنیاد پر ہوسکتی ہے۔

**(486) EQUAL PROTECTION**

(حقوق کا مساویانہ تحفظ) امریکی آئین کی چودھویں ترمیم، جس کی رُو سے تمام شہریوں کے ساتھ قانونی طور پر یکساں سلوک لازمی ہے۔

**(487) EQUITABLE ACTION**

وہ فعل یا دعوٰیِ قانونی جس کے ذریعے کسی غلط روّیے جیسے، مار پیٹ، نقصان دہی یا غیر قانونی عمل کی دھمکی کو واقع ہونے سے روکا جائے۔

**(488) EQUITY**

(نصفت۔ مساوات) قانون کی وہ روح جو کسی مقدمے یا قانون میں عدل و انصاف اور مساوات کی اعانت کرے۔

**(489) ERROR CORAM NOBIS**

ٹرائل کورٹ میں دائر کردہ وہ اپیل جو شواہد و حقائق کی بنا پر عدالت سے ''فیصلۂ جرم'' سے چھٹکارے کی درخواست کرے۔

**(490) ERROR CORAM VOBIS**

اپیلانٹ کورٹ میں دائر کردہ وہ اپیل جو شواہد و حقائق کی بنا پر عدالت سے ''فیصلۂ جرم'' سے چھٹکارے کی درخواست کرے۔

**(491) ESCAPE BY FORCE OR VIOLENCE**

تحویل وحراست سے بالجبر بھاگ جانا

**(492) ESCHEAT**

(ضبطیٔ جائیدادِ لاوارث، بہ حقِ سرکار) سرکار کا لاوارث جائیداد کو ضبط کرنا۔

**(493) ESCROW**

(دستاویز برائے امانتی تحویل) تحریری دستاویز یا رقم جو کسی ثالث (تیسری پارٹی) کے پاس کسی شرط کی تکمیل یا کسی کام کی بجا آوری کی غرض سے رکھی جائے اور شرائط پوری ہونے کے بعد اس فریق کو دے دی جائے، جس کے حق میں وہ تحریر کی گئی تھی۔

**(494) ESTATE**

(جائیداد۔ملکیت) وہ شئے جس کی ادائیگی یا ملکیت کسی شخص کے ذمہ ہے۔ جائیداد کی کئی اقسام ہیں، جیسے مُصدقہ یا غیر تصدیق شدہ وصیت کے ذریعے حاصل کردہ جائیداد کی ملکیت، وقف کی جائیداد یا وہ جائیداد جس پر ٹیکس واجب الادا ہے وغیرہ۔ پروبیٹ والی جائیداد کسی مُصدقہ وصیت نامے کی رُو سے حاصل ہوتی ہے اور عدم وصیت والی جائیداد کا فیصلہ پروبیٹ عدالت کرتی ہے۔ ''غیر مُصدقہ وصیت نامہ'' کی رُو سے حاصل کردہ جائیداد کا فیصلہ عدالت نہیں کرتی۔ کیونکہ جائیداد ٹرسٹ یا اشتراکی کرایہ داری میں ہوسکتی ہے۔ جائیدادِ وقفی وہ جائیداد ہے جو ایک ٹرسٹ میں ایک امین (ٹرسٹی) کے قبضہ میں رہتی ہے۔ واجب الادا ٹیکس والی جائیداد وہ ہے جس کے ذمہ کسی کے مرنے کے بعد وفاقی ٹیکس واجب الادا ہے، جیسے بیمۂ زندگی۔

**(495) ESTATE TAX**

(جائیداد ٹیکس) مالکانہ حقوق کی منتقلی کا ٹیکس جو کسی کے مرنے کے بعد لاگو ہوتا ہے۔ وفاقی ٹیکس کے علاوہ کچھ ریاستیں اپنا ٹیکس بھی لگاتی ہیں۔

**(496) ESTOPPEL**

(امر مانع تقریرِ مخالف) وہ فعل یا بیان جس کی رُو سے کسی شخص کو (اپنے دیئے ہوئے بیان کی جگہ) ایک مختلف اور الٹ بیان دینے سے منع کیا جائے۔

**(497) ET AL**

(دیگر) لاطینی زبان میں اس کے معنی ''اور دوسرے''۔ قانونی مقدمے میں وہ تمام لوگ جن کا نام مقدمے میں شامل نہیں۔

**(498) ETSEQ**

(مندرجہ۔ مشمولہِ ذیل) لاطینی لفظ ''مندرجہ ذیل'' سے ماخوذ۔ عام طور پر مختلف قوانین کو درج کرنے سے پہلے لکھا جاتا ہے۔

**(499) ET UX**

لاطینی زبان کا لفظ جس کے معنی ''اور بیوی'' ہے۔

**(500) EVICTION**

(بےدخلی) قانونی عمل کے ذریعے زمین یا جائیدادِ کرایہ داری کا حصول۔ (دیکھئے SEE UNLAWFUL DETAINER)

**(501) EVIDENCE**

(ثبوت۔ شہادت) عدالتی کارروائی میں دستاویز، شواہد اور گواہی کی شکل میں پیش کردہ ثبوت۔

**(502) EVIDENCE, CIRCUMSTANTIAL**

(قرائنی ثبوت وشواہد) قرائنی شواہد سے اخذ کردہ ثبوت۔

**(503) EVIDENCE,DIRECT**

(راست شہادت) وہ شہادت یا ثبوت جو کسی ایسے گواہ کی گواہی کی بنیاد پر ہو جس نے مقدمے کے متعلق حقائق کو یا تو خود دیکھا یا سنا ہو۔

**(504) EVIDENCE,EVANESCENT**

وہ ثبوت یا شہادت جو جلدی ہی زائل ہو سکتا ہو، جیسے ایک شخص کے خون میں الکحل کی مقدار۔

**(505) EXAMINATION,DIRECT**

(بلاواسطہ سوال و جواب) س وکیل کی جانب سے گواہ سے سوال و جواب کا پہلا دور، جس نے اولاً اس گواہ کو پیش کیا ہو۔

**(506) EXAMINATION,RECROSS**

گواہ کو پیش کرنے والے وکیل کی جانب سے گواہ سے سوال جواب کرنے کے دوسرے دور کے بعد مخالف وکیل کا دوبارہ جرح و سوال جواب کرنا۔

**(507) EXAMINATION,REDIRECT**

(سوال و جواب ثانی) گواہ سے سوال و جواب کا دوسرا دور۔ اس دور کا آغاز گواہ کو پیش کرنے والا وکیل، ان سوال و جواب کے نتیجے میں کرتا ہے جو مخالف وکیل نے جرح کے دوران اٹھائے۔

**(508) EXCEPTIONS**

(اعتراض۔استثنا) دیوانی یا فوجداری مقدمے میں کسی فریق کا یہ موقف کہ وہ ایک درخواست کے ذریعے جج کے فیصلے کے خلاف اپیل کرنے کا حق رکھتا ہے۔

**(509) EXCESSIVE FORCE**

(ضرورت سے زیادہ استعمالِ طاقت) پولیس کا ناجائز اور ضرورت سے زیادہ طاقت کا استعمال۔

**(510) EXCLUSION OF WITNESSES**

(اخراجِ گواہان) حکم نامہ جس کی رُو سے تمام گواہوں کو ماسوائے مدعی اور مدعا علیہ کے عدالت سے اس وقت تک باہر رہنے کی ہدایت ہو، تاوقتیکہ انہیں بلایا نہ جائے۔ قانون کے تحت گواہوں کو مقدمے کی کارروائی کو زیرِ بحث لانے کی بھی ممانعت کی جاتی ہے۔

**(511) EXCLUSIONARY RULE**

مقدمے کی کارروائی میں غیر قانونی طریقے سے حاصل کردہ شہادت کے استعمال کی ممانعت۔

**(512) EXCLUSIVE JURISDICTION**

(اختیارت بلا شرکتِ غیرے) صرف ایک ہی عدالت میں مقدمے کو درج کرانے کا حق۔

**(513) EX CONTRACTU**

معاہدے کی رُو سے۔

**(514) EXCULPATORY EVIDENCE**

وہ شہادت جس سے مدعا علیہ کی الزام سے معصومی کا اظہار ہو۔

**(515) EXECUTE**

(عمل درآمد کرنا۔تعمیل کرنا۔تکمیل کرنا) ۱۔عدالت کے حکم نامے یا فیصلے کی تعمیل کرنا، ۲۔دستاویز پر دستخط کرنا، ۳۔قتل کرنا۔

**(516) EXECUTION**

(بجا آوری۔تعمیل۔پھانسی)

**(517) EXECUTION OF SENTENCE SUSPENDED**

(معطلی تعمیلِ حکمِ سزا) ایسی سزا جس کی بجا آوری ضروری نہ ہو۔ایسی سزا پروبیشن کے ساتھ سنائی جاتی ہے۔اگر مدعاعلیہ پروبیشن کی خلاف ورزی کرے تو یہ تعطل موقوف ہو جائے گا اور اسے عائد کردہ سزا کاٹنی پڑے گی۔

**(518) EXECUTOR**

(تعمیل کنندہ۔عامل) وہ شخص یا کمپنی جو وصیت نامے کی تمام ہدایات، شرائط و عوامل کی پروبیٹ کورٹ کی زیرِ نگرانی تعمیل کرے۔

**(519) EX DELICTO**

(انحرافِ فرض۔خلاف ورزیِ فرض) خلاف ورزی اور غلط کاری سے ماخوذ۔

**(520) EXEMPLARY DAMAGES**

(مثالی ہرجانہ) مدعی کو ایسی رقم کا دلانا، جو اس کی توقعات سے زیادہ ہو۔ایسی سخت سزا مدعاعلیہ کو دی جاتی ہے، جس نے ارتکابِ جرم غفلت کی بجائے عداوتانہ اور کینہ ورانہ نیت سے کیا ہو۔

**(521) EXEMPLIFICATION**

ایک انتہائی باضابطہ تصدیق کرنے کا طریقہ، جس میں عدالتی کلرک، دستاویز اور عدالتی ریکارڈ کے کاغذات پر خود دستخط کر کے تصدیق کرتا ہے۔ پھر جج اپنے دستخط سے کلرک اور اس کے دستخط کے اصلی اور صحیح ہونے کی تصدیق کرتا ہے، اس کے بعد کلرک، جج، اس کے قانونی اختیارات اور اس کے دستخط کے اصلی و صحیح ہونے کی تصدیق کرتے ہوئے دوبارہ دستخط کرتا ہے۔

**(522) EXIBIT**

(دستاویز۔شہادتی کاغذ) شناخت کردہ کوئی دستاویز یا شئے جو مقدمے میں شہادت یا ثبوت کے طور پر عدالت میں پیش کی جائے۔

**(523) EXIBIT,PEOPLE'S**

مقدمے میں فریقِ استغاثہ کی جانب سے عدالت میں پیش کردہ ثبوت و شواہد۔

**(524) EXONERATE**

(سبکدوش کرنا۔بری الذمہ کرنا) ذمہ داری یا الزام سے سبکدوش کرنا۔

**(525) EX PARTE**

(یک طرفہ) یک طرفہ عدالتی کارروائی (صرف ہنگامی حالات میں)۔

**(526) EX PARTE PROCEEDING**

یک طرفہ قانونی کارروائی جس میں صرف ایک فریق کی نمائندگی ہو۔

**(527) EXPERT TESTIMONY**

(ماہرانہ شہادت) سائنسی، تیکنیکی یا پیشہ ورانہ معاملے میں کسی ماہر کی شہادت، جو اپنے علم یا تحقیقی تربیت کی بنا پر موضوع پر اعلیٰ گرفت رکھتا ہو۔

**(528) EXPLOSIVE/DESTRUCTIVE DEVICE**

(دھماکہ خیز، تباہ کن ترکیب) ایسا مادّہ، مواد یا ان کا آمیزہ، جس کا منشاء، دھماکہ خیزی اور آتش زدگی ہو اور جو فوری طور پر اخراجِ گیس اور گرمی کا باعث بنے۔ایسے مادے جو از خود یا دوسرے مادوں سے مِل کر دھماکہ خیزی، آتش زدگی اور فوری طور پر آگ (شدید گرمی) کے استخراج کا باعث بنے۔